PhD (Urdu)/E.T/2020

| دستخط نگران کار | مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی | Booklet Serial No. |
|---|---|---|

# مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی

## پی ایچ ڈی (اُردو) انٹرنس ٹسٹ ۔ 2020

## PhD (Urdu) Entrance Test - 2020

## Question Paper Booklet کتابچۂ پرچۂ سوالات

وقت : دو گھنٹے

نمبرات : 100

OMR Serial No.

## اُمیدواروں کے لیے ہدایات

1. اوپر فراہم کی گئی جگہ پر امیدوار اپنا OMR اور ہال ٹکٹ نمبر لکھیں۔ اس کے علاوہ کتابچے میں کسی بھی صفحے پر ہال ٹکٹ نمبر، OMR نمبر یا اپنا نام نہ لکھیں۔

2. یہ پرچۂ سوالات کل 16 صفحات پر مشتمل ہے۔ آخر کا ایک صفحہ Rough Work کے لیے ہے۔ اگر اس کتابچے میں صفحات کم ہوں یا اس کی ترتیب میں کوئی غلطی ہو تو جوابات لکھنے سے پہلے ہی نگران کار سے اسے تبدیل کروالیں۔

3. اس کتابچے میں جملہ 100 معروضی سوالات ہیں۔ ہر سوال کے نیچے 4 متبادل (A) (B) (C) (D) جوابات دیے گئے ہیں۔ سوال کے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔ پھر OMR جوابی بیاض میں اپنے منتخب کردہ جواب کے دائرے کو صرف Blue / Black Ballpoint Pen سے گہرا کیجیے۔

4. امیدوار کو نمبرات صرف OMR جوابی بیاض میں صحیح جواب دینے پر دیے جائیں گے۔ اگر اس کتابچے میں امیدوار نے جواب پر نشان لگایا ہو لیکن OMR میں دائرے کو گہرا نہ کیا ہو تو ایسی صورت میں امیدوار کو کوئی نمبر نہیں ملے گا۔

5. اگر ایک سے زیادہ دائروں کو گہرا کیا گیا ہو تو اُس سوال کے نمبر نہیں ملیں گے۔

6. غلط جواب پر کوئی Negative Marks نہیں ہے۔

7. انٹرنس ٹسٹ کے اختتام پر امیدوار کتابچہ پرچہ سوالات اپنے ساتھ لیجا سکتے ہیں۔

☆☆☆

# حصہ اول (Part A)

## Research Methodology

1. شمالی ہند کا پہلا تذکرہ جو حروف تہجی کے اعتبار سے ترتیب دیا گیا ہے' کون سا ہے؟

(A) مخزن شعرا (B) تذکرہ ریختہ گویاں

(C) مجموعہ نغز (D) تحفتہ الشعرا

2. کس محقق نے فائز کو شمالی ہند میں اردو کا پہلا صاحب دیوان شاعر قرار دیا تھا؟

(A) ڈاکٹر جمیل جالبی (B) امتیاز علی خاں عرشی

(C) ڈاکٹر محی الدین قادری زور (D) پروفیسر مسعود حسن رضوی ادیب

3. ''تاریخ ادبیاتِ مسلمانانِ پاکستان و ہند'' کتنی جلدوں پر مشتمل ہے؟

(A) چار (B) چھ

(C) بارہ (D) سولہ

4. زمانی ترتیب کے اعتبار سے صحیح زمرے کی نشاندہی کیجیے۔

(A) قطب مشتری۔ جنت سنگار۔ ارشاد نامہ۔ سیف الملوک و بدیع الجمال۔ گلشن عشق

(B) جنت سنگار۔ ارشاد نامہ۔ گلشن عشق۔ قطب مشتری۔ سیف الملوک و بدیع الجمال

(C) ارشاد نامہ۔ قطب مشتری۔ سیف الملوک و بدیع الجمال۔ جنت سنگار۔ گلشن عشق

(D) گلشن عشق۔ ارشاد نامہ۔ قطب مشتری۔ جنت سنگار۔ سیف الملوک و بدیع الجمال

5. کس نے یہ ثابت کیا کہ ''معراج العاشقین'' حضرت گیسو دراز کی تصنیف نہیں ہے؟

(A) ڈاکٹر حفیظ قتیل (B) ڈاکٹر زور

(C) پروفیسر سیدہ جعفر (D) مولوی عبدالحق

6. ڈاکٹر جمیل جالبی کی تحقیق کے مطابق اردو کا پہلا نثری رسالہ کون سا ہے؟

(A) کلمتہ الحقائق (B) خیر البیان

(C) شرح شرح تمہیدات ہمدانی (D) کلمتہ الاسرار

7. شاہ حاتم نے دیوان زادہ کے دیباچے میں اپنے کتنے شاگردوں کے نام درج کیے ہیں۔

(A) 40 (B) 42

(C) 45 (D) 50

8. شمالی ہند کے شعرائے متقدمین میں کس شاعر کے دیوان میں (170) غزلیں ہیں اور ہر غزل پانچ اشعار پر مشتمل ہے و نیز دیوان میں غزلیات کے علاوہ اور کوئی صنف نہیں ہے؟

(A) مضمون (B) یکرنگ

(C) حزیں (D) یقین

9. اردو کا پہلا شہر آشوب کس نے لکھا؟

(A) جعفر زٹلی (B) شاہ حاتم

(C) شاہ مبارک آبرو (D) نظیر اکبر آبادی

10. مختار الدین احمد کو کربل کتھا کا مخطوطہ.................میں دستیاب ہوا۔

(A) انگلستان (B) فرانس

(C) پاکستان (D) جرمنی

11. مثنوی کدم راؤ پدم راؤ کا مخطوطہ کس کی مثال ہے؟

(A) وضعی نسخہ (B) وحید نسخہ

(C) مصنف کا دستخطی نسخہ (D) مخلوطہ نسخہ

12. کس محقق کو اصرار تھا کہ تدوین متن تحقیق سے الگ فن ہے؟

(A) رشید حسن خان (B) قاضی عبدالودود

(C) محمود شیرانی (D) گیان چند جین

13. قاضی عبدالودود نے کس شاعر کا دیوان مرتب کیا؟

(A) راسخ عظیم آبادی (B) جوشش

(C) شاد عظیم آبادی (D) محمد فقیہہ دردمند

14. ''اردو ڈراما اور اسٹیج'' کے مصنف کون ہیں؟

(A) عطیہ رحمانی (B) شاہد حسین

(C) عبدالعلیم نامی (D) مسعود حسن رضوی

15. حافظ محمود شیرانی کس رسالے کے مدیر تھے؟

(A) کاروان (B) ساقی

(C) نیرنگ خیال (D) ہمایوں

16. عبدالرحمٰن بجنوری کی تصنیف ''محاسن کلامِ غالب'' فی الاصل کلام غالب کے کس نسخے کا مقدمہ ہے؟

(A) نسخہ رامپور (B) گل رعنا

(C) نسخہ حمیدیہ (D) بیاض غالب بخط غالب

17. دیوان آبرو کے مرتب کون ہیں؟

(A) نثار احمد فاروقی (B) ڈاکٹر محمد حسن

(C) اقتدا حسین (D) کامل قریشی

18. مثنوی 'گلزار نسیم' کے سنہ تصنیف کی نشاندہی کیجیے۔

(A) 1832 - 33 (B) 1834 - 35

(C) 1836 - 37 (D) 1838 - 39

19. ذیل میں صحیح بیان کی نشان دہی کیجیے۔

محمد حسین آزاد نے آب حیات میں..................

(A) خان آرزو کو دور اول میں شامل کیا ہے اور آبرو کو دور دوم میں

(B) خان آرزو اور آبرو دونوں کو دور اول میں شامل کیا ہے

(C) آبرو کو دور اول اور خان آرزو کو دور دوم میں شامل کیا ہے

(D) آبرو اور خان آرزو دونوں کو دور دوم میں شامل کیا ہے

20. شیفتہ کے گلشن بے خار کے جواب میں کون سا تذکرہ لکھا گیا؟

(A) گلستانِ بے خزاں (B) چمنستانِ شعرا

(C) گلزار ابراہیم (D) گلستان سخن

21. ''کلیات یگانہ چنگیزی'' کے مرتب کون ہیں؟

(A) گوہر نوشاہی (B) قاضی میاں اختر جونا گڑھی

(C) مشفق خواجہ (D) امتیاز علی خاں عرشی

22. اردو کا پہلا شاعر جس نے اپنے دیوان کا دیباچہ اردو میں لکھا۔

(A) شاہ حاتم (B) سودا

(C) عزلت (D) انشاء اللہ خاں انشا

23. فضل علی فضلی نے کربل کتھا میں اپنے والد کا نام کیا بتایا ہے؟

(A) نواب اشرف علی خاں
(B) نواب اکبر علی خاں
(C) مرزا مظہر علی
(D) میر سعادت علی

24. کسی متن کے ایک سے زیادہ نسخوں میں جو بہترین معلوم ہو اسے اساسی نسخہ بنانے کے عمل کو کیا کہتے ہیں؟

(A) روش انتقادی
(B) روش التقاطی
(C) تخریج
(D) تجرید

25. کسی شاعر کا ایسا کلام جسے اس نے خارج اور منسوخ قرار دیا ہو کیا کہلاتا ہے؟

(A) نظری
(B) متداول
(C) تعلیقہ
(D) نسخ کردہ

26. نقطوں کی تبدیلی کے ذریعے کسی لفظ یا الفاظ کی قرأت کو تبدیل کرنے کا عمل کو کیا کہتے ہیں؟

(A) توقیف
(B) تصحیف
(C) تحریف
(D) توقیت

27. تحقیق میں ''وضعی نسخہ'' کسے کہتے ہیں؟

(A) وحید نسخہ
(B) مصنف کا دستخطی نسخہ
(C) مخلوطہ نسخہ
(D) جعلی نسخہ

28. ذیل میں سے کس کا تعلق حوالہ جاتی تحقیق سے نہیں ہے؟

(A) وضاحتی فہرستیں
(B) تھیسارس
(C) نادر و نایاب متن کی تدوین
(D) کلاسیکی متون کی فرہنگ

29. ''اردو نثر کا آغاز و ارتقا (انیسویں صدی کے اوائل تک)' کس کی تصنیف ہے؟

(A) ڈاکٹر فرمان فتح پوری
(B) ڈاکٹر رفیعہ سلطانہ
(C) طیبہ خاتون
(D) طارق سعید

30. غواصی کی مثنوی 'سیف الملوک و بدیع الجمال' کو کس نے مرتب کیا؟

(A) پروفیسر عبدالقادر سروری
(B) میر سعادت علی رضوی
(C) سید محمد
(D) پروفیسر غلام عمر خاں

31. مولوی عبدالحق کے خاکوں کے مجموعے 'چند ہم عصر' کو سب سے پہلے کس نے مرتب کیا تھا؟
(A) ہاشمی فرید آبادی (B) اختر حسین رائے پوری
(C) مولوی عبدالحق (D) شیخ چاند

32. ان میں کس نے ولی کا کلیات/دیوان مرتب نہیں کیا؟
(A) پروفیسر لئیق صلاح (B) پروفیسر سیدہ جعفر
(C) احسن مارہروی (D) گارساں دتاسی

33. ''ریسرچ ایک حقیقت پنہاں یا حقیقت مبہم کو افشا کرنے کا باضابطہ عمل ہے''، تحقیق کی یہ تعریف کس نے کی ہے؟
(A) قاضی عبدالودود (B) ڈاکٹر گیان چند جین
(C) رشید حسن خان (D) ڈاکٹر تنویر احمد علوی

34. غلط جوڑ کی نشان دہی کیجیے۔
(A) ابن الوقت سنہ تصنیف 1888ء (B) خط تقدیر، سنہ تصنیف 1862ء
(C) مجالس النسا، سنہ تصنیف 1874ء (D) ریاض دلربا، سنہ تصنیف 1834ء

35. اردو کا پہلا معلوم نثری خط کس سنہ میں لکھا گیا؟
(A) 1820 (B) 1821
(C) 1822 (D) 1823

36. حضرت خواجہ بندہ نواز گیسو دراز کس بادشاہ کے عہد میں گلبرگہ تشریف لے آئے؟
(A) فیروز شاہ بہمنی (B) محمد شاہ بہمنی
(C) احمد شاہ بہمنی (D) ہمایوں شاہ بہمنی

37. ''برساتی'' کے عنوان سے اردو کا پہلا مزاحیہ سفر نامہ کس نے لکھا؟
(A) ابن انشا (B) شفیق الرحمٰن
(C) شوکت تھانوی (D) مرزا فرحت اللہ بیگ

38. مبادیات تحقیق کس کی تصنیف ہے؟
(A) ڈاکٹر شین اختر (B) سید کلب عابد
(C) پروفیسر عبدالستار دلوی (D) عبدالرزاق قریشی

39. اردو ادب میں مختصر اخلاقی کہانیوں کے لیے جامع نام کیا ہے؟

(A) نکتہ (B) نقل

(C) روایت (D) حکایت

40. رجب علی بیگ سرور کی تصنیف ''فسانۂ عجائب'' کے بارے میں غالبؔ نے ان جانے میں خود سرورؔ کے سامنے یہ رائے ظاہر کی تھی کہ ''لاحول ولا قوۃ'' اس میں لطف زبان کہاں' ایک تک بندی ہے اور بھٹیار خانہ جمع کیا ہے۔'' غالب کی یہ رائے کس کتاب میں ملتی ہے؟

(A) اردوئے معلیٰ (B) تذکرہ غوثیہ

(C) یادگار غالب (D) عود ہندی

41. ذیل کا کون سا تذکرہ اردو زبان میں لکھا گیا ہے؟

(A) چمنستانِ شعرا (B) ریختہ گویاں

(C) طبقات الشعرائے ہند (D) تذکرہ ہندی گویاں

42. اردو کے کس اخبار نے سب سے پہلے بین الاقوامی خبر رساں ایجنسی رائٹر سے خبریں حاصل کیں؟

(A) زمیندار (B) الہلال

(C) پیسہ اخبار (D) ہمدرد

43. ہندوستان میں ٹیلی ویژن نشریات کا آغاز کب ہوا؟

(A) 15 ستمبر 1959 (B) 23 ستمبر 1960

(C) 26 جنوری 1961 (D) 15 اگست 1965

44. دارالترجمہ جامعہ عثمانیہ کا قیام کب عمل میں آیا؟

(A) 1917 (B) 1918

(C) 1919 (D) 1920

45. مزامیر کے عنوان سے میرؔ کے کلام کا انتخاب کس نے مرتب کیا؟

(A) عبادت بریلوی (B) خواجہ احمد فاروقی

(C) مجنوں گورکھپوری (D) جعفر علی خاں آثر

46. سرسید احمد خاں جب شاعری کرتے تھے تو انہوں نے کیا تخلص اختیار کیا تھا؟

(A) فرید (B) رحمتی

(C) آہی (D) صارم

47. اردو میں اخبار نویسی کے اصول وضوابط پر پہلی کتاب ''فن صحافت'' کے مصنف کون ہیں؟

(A) امداد صابری (B) محمد عتیق صدیقی

(C) رحم علی ہاشمی (D) سید اقبال قادری

48. کس کا تعلق ''دہلی کالج'' سے نہیں تھا؟

(A) ڈپٹی نذیر احمد (B) مولوی مملوک علی

(C) الطاف حسین حاؔلی (D) محمد حسین آزاد

49. اردو کی پہلی خاتون ناول نگار رشیدۃ النسا کا ناول ''اصلاح النسا'' پہلی مرتب کب شائع ہوا؟

(A) 1893 (B) 1894

(C) 1895 (D) 1896

50. محمد حسین آزاد نے ''آب حیات'' میں میؔر کے والد کا نام کیا بتایا ہے؟

(A) میر رضی (B) میر تقی

(C) علی متقی (D) میر عبداللہ

## Part - B

## (Urdu) اردو

51. مغربی ہندی کا راست تعلق کس بولی سے ہے؟

(A) ناگراپ بھرنش (B) ماگدھی اپ بھرنش

(C) براچڑاپ بھرنش (D) شورسینی اپ بھرنش

52. عرب مسلمان سندھ کے علاقے میں بہ حیثیت فاتح کب داخل ہوئے؟

(A) 700ء (B) 705ء

(C) 712ء (D) 715 ء

53. ''پرتھوی راج راسو'' کس مصنف سے منسوب ہے؟

(A) ہیم چندر (B) چند بردائی

(C) سارنگ دھر (D) اشوگھوش

54. ذیل میں معکوسی آواز کی نشاندہی کیجیے۔

(A) تھ　　(B) ٹھ

(C) دھ　　(D) جھ

55. ذیل میں بندشی مسموع مصمتہ کون سا ہے؟

(A) کھ　　(B) ڑھ

(C) پھ　　(D) دھ

56. ث، ح، ذ، ط، ظ، ص، ض وغیرہ کے بارے میں کس نے یہ کہا تھا:
''صوتی نقطہ نظر سے یہ سب مردہ لاشیں ہیں، جسے اردو رسم خط اٹھائے ہوئے ہے''

(A) شوکت سبزواری　　(B) سینتی کار چڑ جی

(C) ٹی۔ گراہم بیلی　　(D) مسعود حسین خان

57. مشتاق احمد یوسفی کے درج ذیل جملے میں تجنیس کی کونسی قسم پائی جاتی ہے؟
''مطلق العنانیت کی جڑیں دراصل مطلق الانانیت سے پیوستہ ہوتی ہیں۔''

(A) تجنیس خطی　　(B) تجنیس محرف

(C) تجنیس مضارع　　(D) تجنیس مماثل

58. غالبؔ نے اپنے اس شعر میں کون سی صنعت استعمال کی ہے؟

تیرا انداز سخن شانہ زلف الہام
تیری رفتار قلم جنبش بال جبریل

(A) تضریع　　(B) ردالعجز علی الصدر

(C) ترصیع　　(D) محاذ

59. سنسکرت شعریات میں کس نے یہ نظریہ پیش کیا کہ ''رس'' سامع کے دل میں ہوتا ہے؟

(A) آچاریہ شنلک　　(B) ابھینو گپت

(C) بھٹ لولٹ　　(D) آچاریہ بھٹنائک

60. کس نقاد نے موسیقی کو کانوں کی شاعری، مصوری کو آنکھوں کی شاعری اور باقی فنون کو گونگی شاعری قرار دیا۔

(A) ارسطو　　(B) کولرج

(C) میتھو آرنلڈ　　(D) سانت بیو

61. درج ذیل مکالمہ کس ناول سے لیا گیا ہے؟

میں : امکان بالقوہ یا بالفعل۔ بالذات یا بالغیر؟

مولوی : بالفعل تو ممکن نہیں۔ میرا ایک شاگرد کھانا لاتا ہوگا۔ آپ بھی کھا لیجیے۔

میں : بالفعل تو ممکن نہیں۔ بالذات کی آپ کو توفیق نہیں اور یہاں ضرورت نے اکل میت کو جواز کا حکم دیا ہے۔ لہذا بازار سے کچھ لا دیجیے۔

مولوی : اک ذرا صبر کیجیے کھانا آتا ہی ہوگا۔

میں : اب صبر کرنا تکلیف مالا یطاق ہے............

(A) توبتہ النصوح (B) آگ کا دریا

(C) امراؤ جان ادا (D) اداس نسلیں

62. نعمان سیاح کی سرگزشت کس درویش کی سیر میں ملتی ہے؟

(A) پہلے (B) دوسرے

(C) تیسرے (D) چوتھے

63. کس نقاد نے شاعری کو تنقید اور تنقید کو مذہب و اخلاق کے تابع کرنے کی کوشش کی؟

(A) میتھو آرنلڈ (B) بوئیلو

(C) لان جائی نس (D) ہوریس

64. ذیل میں کون سا ناول عبد الصمد کا نہیں ہے؟

(A) مہاماری (B) خوابوں کا سویرا

(C) مہاساگر (D) مہاتما

65. انل ٹھکر کے ناول کی نشاندہی کیجیے۔

(A) گرداب (B) اگنی پریکھشا

(C) وشواس گھات (D) خوابوں کی بیساکھیاں

66. صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجیے۔

(A) عابد حسین ۔ دھانی بانکیں (B) حبیب تنویر ۔ مٹی کا بلاوا

(C) محمد مجیب ۔ پردہ غفلت (D) پریم چند ۔ کربلا

67. شاعری سے متعلق یہ مشہور قول کس کا ہے؟
''سب سے بہتر وہ شعر ہے جس میں سب سے زیادہ کذب ہو۔''

(A) ابن خلدون
(B) قدامہ ابن جعفر
(C) ابن رشیق
(D) جاحظ

68. ''یادایام'' کس کی خودنوشت سوانح عمری ہے؟

(A) سر رضا علی
(B) نواب احمد سعید خاں چھتاری
(C) ظہیرالدین دہلوی
(D) خواجہ غلام السیدین

69. غلط جوڑ کی نشاندہی کیجیے۔

(A) سعادت حسن منٹو ۔ لاؤڈ اسپیکر
(B) شوکت تھانوی ۔شیش محل
(C) شاہد احمد دہلوی ۔ آدمی نامہ
(D) خواجہ احمد فاروقی ۔ یاد یار مہرباں

70. ناولٹ 'چراغ تہہ داماں' کے مصنف کون ہیں؟

(A) اقبال متین
(B) جوگندر پال
(C) عبدالصمد
(D) ممتاز مفتی

71. حالؔی کی کس کتاب پر برٹش گورنمنٹ نے مبلغ چار سو روپے کا انعام دیا تھا؟

(A) مقدمہ شعروشاعری
(B) یادگار غالب
(C) حیات جاوید
(D) مجالس النسا

72. ذیل میں کون سا ناول رتن ناتھ سرشار کی تصنیف نہیں ہے؟

(A) بچھڑی ہوئی دلہن
(B) طوفان بے تمیزی
(C) میٹھی چھری
(D) ہشو

73. کرشن پرشاد کول کس ناول کے مصنف ہیں؟

(A) مینا بازار
(B) شاما
(C) کامنی
(D) عبرت

74. محاورے کے بارے میں کون سی بات درست نہیں ہے؟

(A) کم سے کم دو لفظوں سے مرکب ہوتا ہے
(B) کبھی قواعد کی خلاف ورزی نہیں کرتا
(C) دوسری زبان میں لفظی ترجمہ کرنے پر اصل معنی کی ترسیل کرنا ہے
(D) اکثر اس کی بنیاد استعارے اور تمثیل پر ہوتی ہے

.75 ذیل میں گروپ I کے تحت کچھ نظموں اور گروپ II کے تحت کچھ شعراء کے نام دیے گئے ہیں۔ انھیں غور سے پڑھیے اور دیے گئے کوڈ میں نظموں اور متعلقہ شعرا کے صحیح زمرے کی نشاندہی کیجیے۔

| گروپ - I | گروپ - II |
|---|---|
| I- روشنیوں کے شہر | الف: ن۔ م ۔ راشد |
| II- قید | ب : اخترالایمان |
| III- پرانی فصیل | ج: مخدوم محی الدین |
| IV- بیکراں رات کے سناٹے میں | د: فیض احمد فیض |

| کوڈ : | I- | II- | III- | IV- |
|---|---|---|---|---|
| (A) | الف | د | ج | ب |
| (B) | ج | ب | الف | د |
| (C) | د | ج | ب | الف |
| (D) | ب | الف | د | ج |

.76 درج ذیل شعر کس مرثیہ سے لیا گیا ہے:

خواہاں تھے نخل گلشن زہرا جو آب کے　　　شبنم نے بھر دیے تھے کٹورے گلاب کے

(A) کس شیر کی آمد ہے کہ رن کانپ رہا ہے
(B) نمکِ خوانِ تکلم ہے فصاحت میری
(C) پیدا شعاعِ مہر کی مقراض جب ہوئی
(D) جب قطع کی مسافت شب آفتاب نے

.77 نظیر اکبرآبادی کے بارے میں کس نے یہ کہا تھا: ''فنی مماثلت کے اعتبار سے نظیر اردو شاعری کے چاسر ہیں''؟

(A) آل احمد سرور
(B) مجنوں گورکھپوری
(C) محمد حسن عسکری
(D) احتشام حسین

.78 درج ذیل اشعار اقبال کی کس نظم سے لیے گئے ہیں؟

گرد سے پاک ہے ہوا برگ نخیل دھل گئے　　　ریگِ نواحِ کاظمہ نرم ہے مثل پرنیاں
آگ بجھی ہوئی ادھر ٹوٹی ہوئی طناب ادھر　　　کیا خبر اس مقام سے گزرے ہیں کتنے کارواں

(A) خضر راہ
(B) مسجد قرطبہ
(C) ذوق وشوق
(D) طلوع اسلام

.79 ''ہندوستانی اخبار نویسی کمپنی کے عہد میں'' کس کی تصنیف ہے؟

(A) امداد صابری
(B) محمد عتیق صدیقی
(C) آل احمد سرور
(D) ذاکر حسین

80. انڈیا ونس فریڈیم کا ہماری آزادی کے نام سے اردو میں ترجمہ کس نے کیا؟

(A) محمد مجیب　　(B) خواجہ غلام السیدین

(C) آل احمد سرور　　(D) ذاکر حسین

81. درج ذیل اقتباس کس افسانے سے لیا گیا ہے؟

''افسوس ہے ان پر بوجہ اس کے کہ وہ اس لفظ سے محروم ہو گئے۔افسوس ہے مجھ پر بوجہ اس کے کہ لفظ میرے ہاتھوں میں خالی برتن کی مثال رہ گیا۔اور سوچو تو آج بڑے افسوس کا دن ہے۔آج لفظ مر گیا۔''

(A) آخری آدمی　　(B) زرد کُتّا

(C) کشتی　　(D) نرناری

82. شہزادی حسن نے دل کو بلانے کے لیے نظر کے ساتھ کس کو روانہ کیا؟

(A) غمزہ　　(B) قامت

(C) خیال　　(D) وہم

83. ذیل میں دو بیانات دیے گئے ہیں انہیں غور سے پڑھیے۔

الف: مافوق الفطرت عناصر داستان میں رنگینی اور استعجاب کا باعث ہوتے ہیں۔

ب: مافوق الفطرت عناصر داستان کا لازمی جز نہیں ہیں۔

(A) الف غلط ہے۔ ب صحیح ہے　　(B) الف صحیح ہے۔ب غلط ہے۔

(C) الف صحیح ہے۔ب بھی صحیح ہے　　(D) الف غلط ہے۔ب بھی غلط ہے

84. مغربی تنقید میں ''نوکلاسیکیت'' کا بانی کون ہے؟

(A) ٹی۔ایس۔ایلیٹ　　(B) وکٹر ہیوگو

(C) گوئٹے　　(D) بوئیلو

85. درج ذیل اقتباس کس افسانے سے لیا گیا ہے؟

''یہ خیال کرنے سے کہ وہ سیتل کی بیٹی ہے وہ اپنے آپ کو روک نہ سکتی تھی۔سیتل سارنگ دیوگرام کا ایک متمول ساہوکار تھا اور سارنگ دیوگرام کے نواح کے بیس گاؤں کے کسان اس سے بیاج پر روپیہ لیتے تھے۔اس کے باوجود اسے کائستھوں کے یہاں ذلیل کیا جاتا تھا؟

(A) بڑے گھر کی بیٹی　　(B) گرہن

(C) دوہاتھ　　(D) بانجھ

86. افسانہ ''یہ غازی یہ تیرے پراسرار بندے'' میں مرکزی نسوانی کردار کا نام کیا ہے؟

(A) سمارا (B) ایڈنا

(C) تمارا (D) سارا

87. ''اخلاق ہندی'' کا مصنف کون ہے؟

(A) مظہر علی ولا (B) بہادر علی حسینی

(C) شیر علی افسوس (D) کاظم علی جوان

88. صحیح مصرعِ ثانی کی نشاندہی کیجیے۔

یہ میرؔ ستم کشتہ کسو وقت جواں تھا

(A) منہ تکیے غزل پڑھتے عجب سحر بیاں تھا (B) ساتھ اس کے قیامت کا سا ہنگامہ رواں تھا

(C) آندھی تھا بلا تھا کوئی آشوب جہاں تھا (D) انداز سخن کا سبب شور و فغاں تھا

89. ناول ٹیڑھی لکیر کی شمن کے دل میں جذبہ محبت بیدار کرنے والا دوسرا شخص کون تھا؟

(A) اعجاز (B) رائے صاحب

(C) نریندر (D) رشید

90. کون سا عنصر مابعد جدیدیت کی خصوصیت نہیں ہے:؟

(A) ثقافتی تشخص پر اصرار (B) معنی کی تکثیریت

(C) مقامیت (D) مہابیانیہ

91. یہ تصور کس نے دیا کہ آرٹ کا حقیقی مقصد اشیا کو نامانوس اور اجنبی بنا کر پیش کرنے میں مضمر ہے۔

(A) آئی۔اے۔رچرڈز (B) ولیم ایمپسن

(C) شکلووسکی (D) باختن

92. غالب کے خطوط کو ترتیب دے کر غالب کی آپ بیتی کس نے لکھی؟

(A) نثار احمد فاروقی (B) ڈاکٹر عبداللطیف

(C) شیخ محمد اکرام (D) صالحہ عابد حسین

93. یہ قول کس کا ہے: ''بہترین طنز کی اساسی شرط یہ ہے کہ وہ ذاتی عناد و تعصب سے پاک ہو اور ذہن و فکر کی بے لوث برہمی یا شگفتگی کا نتیجہ ہو''؟

(A) مشتاق احمد یوسفی (B) وزیر آغا

(C) احمد شاہ بخاری پطرس (D) رشید احمد صدیقی

94. رپورتاژ ''دوملک ایک کہانی'' کے مصنف کون ہیں؟

(A) قرۃالعین حیدر (B) ابراہیم جلیس

(C) فکرتونسوی (D) انتظارحسین

95. صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجیے۔

(A) وسمیہ ——> ادبھت (B) جگپسا ——> ہاسیہ

(C) بھیہ ——> رودر (D) اتساہ ——> شرنگار

96. پنشن کی کارروائی کے سلسلے میں غالب نے کلکتے کا سفر کیا تھا۔ کلکتے سے دہلی وہ کب واپس ہوئے؟

(A) 25 جنوری 1826 (B) 23 دسمبر 1827

(C) 13 فروری 1828 (D) 29 نومبر 1829

97. ممتاز مزاح نگار مجتبیٰ حسین کے مضامین کا پہلا مجموعہ کون سا ہے؟

(A) قطع کلام (B) تکلف برطرف

(C) بہرحال (D) الغرض

98. کس تذکرہ نگار نے سوداؔ کو قصیدے کا نقاش اول قرار دیا ہے؟

(A) میرتقی میر (B) مصحفی

(C) غلام مصطفیٰ خاں شیفتہ (D) حکیم قدرت اللہ قاسم

99. ذوقؔ کو کس نے شہر حیدرآباد آنے کی دعوت دی تھی؟

(A) نواب میر محبوب علی خاں آصف جاہ سادس (B) نواب سالار جنگ بہادر

(C) مہاراجہ کشن پرشاد شادؔ (D) مہاراجہ چندولال شاداں

100. صنف قصیدہ میں ''گریز'' کا دوسرا نام کیا ہے؟

(A) مخلص (B) نسیب

(C) شاہ بیت (D) تحمید

☆☆☆

**Rough Work**